© rasailojaraid.com



پتا ہی نہیں چلتا۔ مجلّے نے پہلے ہی شمارے (جنوری-جون ۲۰۱۵ء) میں اپنا ایک تشخص اور معیار قائم کرلیا ہے، امید ہے آیندہ اور بہتر ہوگا۔(رفیع الدین ہاشمی)

**Midnight Tears** [نالۂ نیم شب]، مرتبہ: خرم مراد۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ فون: ۳۵۲۵۲۲۱۱-۰۴۲۔ صفحات: ۲۰۔ قیمت: ۴۵ روپے

نالۂ نیم شب ۲۱ دعاؤں کا ایسا مجموعہ ہے جو تعلّق باللہ استوار کرنے اور نشوونما دینے میں بڑا موثر ہے۔ عمرہ اور حج پر جانے والوں کے مطابق خانہ کعبہ کے سامنے بیٹھ کر یہ دعائیں کرنے کا لطف ہی کچھ اور ہے۔ ان کی تاثیر ناقابلِ بیان ہے۔ رات کی تنہائی میں اپنے رب سے یہ مناجات کریں اور آنکھیں نم نہ ہوں ممکن نہیں۔ اُردو نہ جاننے والوں کے لیے بنتِ نور اور بنتِ حنیف نے انگریزی ترجمہ کر کے یہ ضرورت پوری کی ہے۔ تاہم ابوسلیمان صاحب نے ترجمے پر نظرثانی کر کے اور زیادہ بہتر بنادیا ہے۔(مسلم سجاد)

## تعارف کتب

◉ **ہفت روزہ ندائے خلافت**، (حُرمت سود نمبر)، مدیر: ایوب بیگ مرزا۔ پتا: ۳۶-کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: ۳۵۸۶۹۵۰۱-۰۴۲۔ صفحات: ۲۷۔ قیمت: ۱۲ روپے۔[انسدادِ سود کے ضمن میں اس خصوصی اشاعت کا اداراتی مضمون 'ڈوب مرنے کا مقام' حافظ عاکف سعید کے قلم سے اس اہم فریضے سے غفلت پر احساسِ ندامت کو اُجاگر کرتا ہے۔ ● اسلامی بنک کاری: کتنی اسلامی؟ ڈاکٹر شاہد حسن صدیقی ● پاکستان میں انسدادِ سود کی کوششیں: ایک جائزہ ● معیشت پر سود کے اثرات، محمد عمر عباسی ● Allah's War، محمد فہیم، مسئلے کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کرتے اور مختلف تقاضوں کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔]

◉ **فحاشی کا سیلاب اور اس کا سدباب**، محمد نعمان فاروقی۔ ناشر: مسلم پبلی کیشنز، ۲۵-ہادیہ حلیمہ سینٹر، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۱۰۰۲۲-۰۴۲۔ صفحات: ۴۸۔ قیمت: ۵۰ روپے۔[۴۸ صفحے کے چھوٹے سائز کے اس مختصر کتابچے میں اتنے وسیع موضوع کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے جو نصف قیمت پر دستیاب ہے۔ جو اس کاروبار میں کسی طرح شریک ہیں انھیں ضرور ڈاک سے بھیج دیجیے۔]

© rasailojaraid.com